© rasailojaraid.com



# حسنِ انتقاد

**تبصرہ کے لئے دو کتابوں کا آنا لازمی ہے**

## نام کتاب: ''ذخیرۃ الجنان فی فہم القرآن'' (جلد اوّل)

افادات: شیخ الحدیث والتفسیر مولانا محمد سرفراز خان صفدر دامت برکاتھم

جمع وترتیب: مولانا محمد نواز بلوچ فاضل مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ

قیمت: ۲۲۵ روپے/ ملنے کا پتہ: میر محمد لقمان برادران سیٹلائٹ ٹاؤن، گوجرانوالہ

محدث جلیل مولانا محمد سرفراز خان صفدر دام مجدہٗ کو اللہ تعالیٰ نے گوناگوں صفات سے نوازا ہے۔ وہ جامع المعقول والمنقول بھی ہیں اور شیخ الحدیث والتفسیر بھی۔ ایک طرف وہ صوفی کامل اور حضرت مولانا حسین علی (واں بھچراں والے) کے خلیفہ مجاز ہیں تو دوسری طرف فرق باطلہ کا قومی دلائل سے رد کرنے والے معروف فکار اور مجاہد ہیں۔ حضرت شیخ الحدیث مدظلہ نے ۲۵ سال دورۂ تفسیر پڑھایا۔ قریباً پچاس سال گکھڑ منڈی کی جامع مسجد میں درس قرآن مجید دیا ان دروس سے ہزاروں علماء کرام اور عام مسلمانوں نے فائدہ اٹھایا۔

گکھڑ منڈی کے اس عوامی درس کو آپ کے معروف شاگرد اور ممتاز عالم دین مولانا محمد نواز بلوچ مہتمم مدرسہ ریحان لمدارس ایم اے جناح روڈ گوجرانوالہ نے مرتب کیا ہے۔ جس کی پہلی جلد شائع ہو چکی ہے۔ یہ دروس پنجابی زبان میں دیئے گئے تھے، انہیں اردو میں منتقل کیا گیا۔ اللہ تعالیٰ حضرت شیخ، مولانا محمد نواز بلوچ اور ناشر کو جزائے خیر دے اور دوسرے حلقہ ہائے درس افادات بھی منظر عام پر لانے کی ہمت وتوفیق دے۔ آمین (تبصرہ: مولانا مشتاق احمد)

## نام کتاب: ''زبدۃ القرآن''

ضبط وترتیب: حضرت مولانا ڈاکٹر شیر علی شاہ صاحب مدظلہ (شیخ الحدیث دار العلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک)

قیمت: ۱۲۰ روپے/ ناشر: القاسم اکیڈمی جامعہ ابوہریرہ برانچ پوسٹ آفس خالق آباد نوشہرہ، سرحد

ولی کامل، شیخ التفسیر حضرت مولانا احمد علی لاہوری قدس سرہ کے نام نامی سے کون واقف نہیں؟ آپ سلسلہ قادریہ کے معروف بزرگ تھے، قرآن کریم سے خاص لگاؤ تھا۔ تحریک ریشمی رومال کے سلسلہ میں دہلی میں گرفتار ہوئے۔ انگریز نے لاہور لا کر چھوڑ دیا اور لاہور سے باہر جانے پر پابندی لگا دی۔ لاہور میں آپ نے شیرانوالہ گیٹ کے علاقہ کی ایک چھوٹی سی مسجد کو اپنی دینی جدوجہد کا مرکز بنا لیا، لوگوں کو قرآن وحدیث کی تعلیم دینے لگے، روزانہ درس قرآن اور سال میں دو تین ماہ کا علماء کرام کے لیے ریفریشر



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

کورس آپ کا تا حیات معمول رہا۔ عامۃ الناس کی رہنمائی کیلئے آپ نے قرآن مجید کا ترجمہ اور مختصر حواشی بھی تحریر کیے ۔ معروف عالم دین مولانا ڈاکٹر شیر علی شاہ صاحب نے اپنے طالب علمی دور میں حضرت لاہوریؒ سے استفادہ کیا اور حضرت کی تقاریر کے نوٹس تیار کیے تھے۔ اب انہی نوٹس کو کتابی شکل میں معرض وجود میں لائے ہیں۔ یہ کتاب علم تفسیر کے اصول ومبادی قرآن مجید کی تفسیر اور جملہ معترضہ کے طور پر بیان کیے گئے علمائے دیوبند کے اور آخری پارہ کی چند سورتوں کے واقعات کا حسین امتزاج ہے۔ (تبصرہ: مولانا مشتاق احمد)

## جریدہ: ماہنامہ ''مسیحائی'' کراچی (''سیرت رسول ﷺ نمبر'')

مدیر: پروفیسر ڈاکٹر حافظ حقانی میاں قادری

قیمت: ۴۰ روپے/ ضخامت: ۸۲ صفحات/ پتا: 4-3 حاجی ادریس مینشن، رتن تلاؤ عقب فریئر مارکیٹ، کراچی

رسول اکرم ﷺ کی ہسٹری کو پڑھو تو اوّل سے تا بہ آخر
وہ آپ ثابت کرے گی اپنا عظیم ہونا عجیب ہونا

زیر نظر پرچہ میں سیرت رسول کریم ﷺ کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ جو واقعی قابل داد ہے۔ اس الحادی و مادی دور میں، روح کی بالیدگی کی بات کرنا، بے شک معاشرے کے تقاضوں کو پورا کرنا ہے۔ پرچے کا آغاز حمد باری تعالیٰ سے کیا گیا ہے کہ

خدا کے نام پر قربان تم ساری نعم کردو
اور اختر اپنے قلب و جاں کو نذر حرم کردو

اور پھر نعت رسول مقبول ﷺ کہ

پڑھتا ہے درود آپ ہی تجھ پر ترا خالق
تصویر پہ خود اپنی مصور بھی فدا ہے

اور

ساحل سے لگے گا کبھی میرا بھی سفینہ
دیکھیں گے کبھی شوق سے مکہ و مدینہ

زیر بحث رسالہ میں سیرت رسول اکرم ﷺ، آپ کے معمولات، تعلیم وتربیت، سیرت طیبہ کی روشنی میں، اسوۂ حسنہ کی روشنی میں بچوں کی نگہداشت، حضور اکرم ﷺ اور احترام آدمیت کے موضوعات پر مشتمل خوبصورت تحریریں شامل کی گئی ہیں۔ (تبصرہ: شیخ حبیب الرحمٰن بٹالوی)

**دفاعِ ختم نبوت:** کچھ واقعات، کچھ تذکرے، کچھ قصے اور کچھ حکایتیں یکجا ہوکر، اس کتاب کے پیکر میں ڈھل گئی ہیں۔ موضوع، عنوانِ کتاب سے ظاہر ہے۔ مؤلف، جناب طاہر عبدالرزاق ہیں۔ ان کے بقول...... ''یہ کتاب اُن عظیم لوگوں کی، عظیم زندگیوں کے عظیم نقوش پر مشتمل ہے، جنہوں نے اپنی زندگیاں دفاع ختم نبوت پر نچھاور کردیں۔ اسے پڑھیے کہ دفاع ختم



© rasailojaraid.com